نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کیلئے گیم چینجر ثابت ہوگا۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: 17اپریل 2024 ( ) صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت زراعت ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں پنجاب کسان کارڈ اور زرعی ٹیوب ویلز کی سولر سسٹم پر منتقلی سے متعلق پلان کو حتمی شکل دی گئی۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کیلئے ایک گیم چینجر ثابت ہوگا۔انھوں نے کہا کہ اس فلیگ شپ پروگرام کے تحت 5 لاکھ کاشتکاروں کو بلاسود قرضوں کی فراہمی کیلئے 150ارب روپے مختص کیے گئے ہیں جس کے ذریعے کاشتکاروں (مالک/مزارعہ/ٹھیکیدار) کو فصلوں کی کاشت اور زرعی مداخل کی بروقت خرید کیلئے 1 لاکھ 50 ہزار روپے ایک کراپ سیزن کے دوران فراہم کئے جائیں گے۔اس سکیم کے تحت 5 سے ساڑھے 12 ایکڑ زمین رکھنے والے کاشتکاروں کو کسان دوست قرضوں کی سہولت فراہم کی جائے گی۔اس کے علاوہ صوبہ پنجاب میں 5 ہزار ٹیوب ویلز کی سولر سسٹم پر منتقلی کیلئے 10ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ ان ٹیوب ویلز کی سولر سسٹم پر منتقلی کے بعد کاشتکاروں کو بجلی کے مہنگے یونٹس پر ہونے والے اخراجات سے نجات ملے گی اور اُن کی پیداواری لاگت میں واضح کمی آئے گی۔علاوہ ازیں،اس پروگرام کے تحت صوبہ پنجاب میں اگلے دو سالوں کے دوران 60ارب روپے کی لاگت سے 7300 کھالہ جات کو پختہ کیا جائے گا اور کاشتکاروں کو زمین کی ہمواری کیلئے لیزر لینڈ لیولرز سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت کاشتکاروں کو ڈیجیٹلائزڈ قرضوں کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے جس میں محکمہ زراعت ایک معاون کا کردار ادا کرے گا اور کاشتکاروں کو بینک آف پنجاب کے ایشو کردہ کارڈ کے ذریعے زرعی مداخل خرید کرنے کی سہولت دستیاب ہوگی۔اس کے علاوہ محکمہ زراعت کی خصوصی ٹیمیں زیر سطح موجود پانی اور دوسری ٹیکنیکل رپورٹس کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم پر منتقلی کریں گی۔اس کے علاوہ ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام کے تحت زرعی ریسرچ کے اداروں میں اصلاحات متعارف کرائی جائیں گی۔اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید،ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر اشتیاق حسن،چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد ڈاکٹر ساجد الرحمان،ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) ملک محمد اکرم،ڈائریکٹر جنرل زراعت فیلڈ انجنیئر سہیل احمد،کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر انجم علی اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆